# Dialog Between 2 Families for Marriage Negotiations

| | |
|---|---|
| **Shafqat:** Assalam o Alaikum I am Shafqat. | **شفقت:** السلام و علیکم، میں شفقت ہوں۔ |
| **Akram:** Wa alaikum assalam.I am Akram.Please, come in. | **اکرم:** و علیکم السلام۔ میں اکرم ہوں۔ آیئے۔ |
| **Shafqat:** Please meet my wife Khadija. | **شفقت:** یہ میری بیگم خدیجہ ہے۔ |
| **Akram:** Assalam o alaikum, my wife Amna. | **اکرم:** السلام و علیکم، میری بیوی آمنہ۔ |
| **Mr. and Mrs.Shafqat:** Assalam o alaikum. | **مسٹر اینڈ مسز شفقت:** السلام و علیکم۔ |
| **Mrs. Akram:** Wa alaikum Assalam please sitdown. | **مسز اکرم:** و علیکم السلام، تشریف رکھیئے۔ |
| **Shafqat:** Do you originally belong to Multan Mr. Akram? | **شفقت:** مسٹر اکرم آپ خاص ملتان ہی کے رہنے والے ہیں؟ |
| **Akram:** Not Originally. My Parents belongs to Vehari. But we have lived here for last 18 years. What about you? | **اکرم:** جی شروع سے نہیں، میرے والدین وہاڑی کے رہنے والی ہیں۔ پر ہم پچھلے اٹھارہ سال سے ملتان میں ہی رہتے ہیں۔ اور آپ؟ |
| **Shafqat:** We belong to Lahore. My parents migrated here after partition. | **شفقت:** جی ہم تو لاہور کے ہی ہیں۔ میرے والدین بٹوارے کے بعد یہاں آ کے بسے تھے۔ |
| **Akram:** I see. How do you know Mr.Aslam? | **اکرم:** اچھا اچھا، آپ اسلم صاحب کو کیسے جانتے ہیں؟ |
| **Shafqat:** We are neighbors. Actually I once asked him to suggest a match for my daughter, Ayesha. He spoke very highly of your son and your Family and also gave me your phone number. | **شفقت:** جی ہم پڑوسی ہیں، دراصل میں نے ان سے ایک بار اپنی بیٹی آئشہ کیلیئے کوئی اچھا سا لڑکا بتانے کیلیئے کہا تھا۔ انہوں نے آپ کے بیٹے اور فیملی کی بڑی تعریف کی اور آپ کا فون نمبر بھی دیا۔ |
| **Akram:** Yes, Aslam and I worked together for 10 Years. We are good Friends. How is he? | **اکرم:** جی ہاں، اسلم اور میں نے دس سال ساتھ کام کیا تھا۔ ہم اچھے دوست ہیں، کیسے ہیں وہ؟ |
| **Shafqat:** Very well. He has sent you his regards. | **شفقت:** بالکل اچھے ہیں، انہوں نے آپ کو سلام کہا ہے۔ |
| **Akram:** Please convey the same on my behalf. | **اکرم:** براہ کرم میری طرف سے بھی انہیں سلام کہیئے گا۔ |
| **Akram:** Please have tea. | **اکرم:** جی، چائے لیجیئے۔ |
| **Mrs.Shafqat:** There was no need taking the trouble. | **مسز شفقت:** اس تکلیف کی کیا ضرورت تھی؟ |
| **Mrs.Akram:** No trouble at all. Please have some biscuits. | **مسز اکرم:** نہیں جی، تکلیف کی کیا بات ہے، لیجیئے تھوڑے بسکٹ لیجیئے۔ |
| **Shafqat:**(Taking it) Thank you. Are you still with N.K industries Mr.Akram? | **شفقت:** (لیتے ہوئے) شکریہ۔ اکرم صاحب، آپ کیا ابھی بھی این، کے انڈسٹریز میں ہیں؟ |
| **Akram:** No I am with Ishfaq Industries now. I am assistant manager there. | **اکرم:** جی نہیں، میں اشفاق انڈسٹریز میں ہوں۔ میں وہاں اسسٹنٹ مینیجر ہوں۔ |

ilmgaah.com

# Dialog Between 2 Families for Marriage Negotiations

| | |
|---|---|
| **Shafqat:** Oh I see! My friend Mr.Ali is also there. He is in accounts. | **شفقت:** اوہ اچھا، میرے دوست علی صاحب بھی وہیں ہیں۔ وہ اکاؤنٹس میں ہیں۔ |
| **Akram:** Yes I know Mr.Ali very well. What do you do Mr.Shafqat. | **اکرم:** جی ہاں، میں علی کو اچھی طرح جانتا ہوں، آپ کیا کرتے ہیں شفقت صاحب؟ |
| **Shafqat:** I am account's manager in UBL Bank Multan. As for my family, we have two Daughters and one son. One elder daughter is already married. Akbar, my son is the youngest. | **شفقت:** میں، یوبی ایل ' بینک ملتان میں اکاؤنٹس مینیجر ہوں، میرے گھر میں ہماری دو بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ بڑی بیٹی کی شادی ہو چکی ہے۔ میرا بیٹا اکبر، سب سے چھوٹا ہے۔ |
| **Akram:** And what is your younger daughter doing? | **اکرم:** اور آپ کی چھوٹی بیٹی کیا کر رہی ہے؟ |
| **Shafqat:** She is studying in B.A final. She is also doing a course in interior decoration these days. She is fair, beautiful and very sensible Girl. | **شفقت:** وہ، بی اے فائنل میں پڑھ رہی ہے۔ اور ساتھ ہی انٹیریر ڈیکوریشن کا ایک کورس کر رہی ہے۔ وہ گوری، خوبصورت اور بہت سمجھدار لڑکی ہے۔ |
| **Akram:** Our Son Ahmad is also very intelligent and sensible boy. | **اکرم:** ہمارا بیٹا احمد بھی بڑا سمجھدار لڑکا ہے۔ |
| **Shafqat:** Where is Ahmad Working Mr.Akram | **شفقت:** اکرم صاحب، احمد کہاں کام کرتا ہے؟ |
| **Akram:** He is a marketing executive in Ali Industries. | **اکرم:** علی انڈسٹریز میں مارکیٹنگ ایگزیکیوٹو ہے۔ |
| **Shafqat:** How long has he been working there? | **شفقت:** وہ وہاں کب سے کام کر رہا ہے؟ |
| **Akram:** About three years. | **اکرم:** تقریباً تین سال سے۔ |
| **Shafqat: What course has Ahmad done?** | **شفقت:** احمد نے کونسا کورس کیا ہے؟ |
| Akram: He is a first class commerce graduate. After that, he has done a diploma in sales and marketing. | **اکرم:** جی، وہ فرسٹ کلاس بی کام ہے۔ اس کے بعد اس نے سیلز اینڈ مارکیٹنگ میں ڈپلوما کیا ہے۔ |
| Shafqat: Oh, I see, is Ahmad around there Mr.Akram? | **شفقت:** اچھا اچھا، احمد گھر پر ہے کیا؟ |
| Mrs.Akram: Yes, he is just coming. | **مسز اکرم:** جی ہاں، بس ابھی آ رہا ہے۔ |
| Akram: (Ahmad Comes) My son, Ahmad. | **اکرم:** (احمد آتا ہے) میرا بیٹا، احمد۔ |
| Ahmad: (Sits Down) Assalam o Alaikum. | **احمد:** (بیٹھتا ہے) السلام وعلیکم۔ |
| Shafqat: Wa alaikum assalam, So, Ahmad how is everything? | **شفقت:** وعلیکم السلام، تو، احمد کیسا چل رہا ہے سب کچھ؟ |
| Ahmad: Very well, thank you. | **احمد:** جی سب ٹھیک ہے، شکریہ۔ |
| Shafqat: What is your job profile, Ahmad? | **شفقت:** احمد، تمہاری نوکری کس طرح کی ہے؟ |

ilmgaah.com

# Dialog Between 2 Families for Marriage Negotiations

| | |
|---|---|
| Ahmad: I look after sales, pricing, distribution and advertising of our consuming goods. | **احمد:** جی میں اپنی کمپنی کی کنزیوم، گڈز کی سیلز پرائسنگ،ڈسٹریبیوشن اور ایڈورٹائزنگ کا کام سنبھالتا ہوں۔ |
| Shafqat: Which areas do you cover? | **شفقت:** کن کن علاقوں میں ؟ |
| Ahmad: Sakhar, Khanewal And Vehari. | **احمد:** سکھر، خانیوال اور ویہاڑی۔ |
| Akram: Ahmad is doing very well, His Annual Package is 10 lacs and his next promotion is also expected very soon. | **اکرم:** احمد کا کام بہت اچھا چل رہا ہے،.جی اس کی سالانہ آمدنی 10 لاکھ کے قریب ہے ،اور جلدی ہی ترقی ہونے والی ہے۔ |
| **Shafqat:** That's very good. Do you travel a lot Ahmad? | **شفقت:** بہت اچھا، احمد کیا تم کافی باہر رہتے ہو؟ |
| **Ahmad:** Yes about ten days a Month. | **احمد:** جی، ہفتے میں 10 دن۔ |
| **Shafqat:** Oh I see. How is far your office from here? | **شفقت:** اوہ اچھا، تمہارا آفس یہاں سے کتنا دور ہے ؟ |
| **Ahmad:** About ten kilometers. | **احمد:** قریب 10 کلومیٹر۔ |
| **Shafqat:** What are your future plans. Ahmad? | **شفقت:** مستقبل کیلئے تمہارا کیا ارادہ ہے، احمد ؟ |
| **Ahmad:** For the time being I am happy in Ali Industries. But for better respects I can always consider a change. | **احمد:** ابھی تو علی انڈسٹریز میں خوش ہوں، لیکن بہتر مستقبل کیلئے توہمیشہ تبدیلی کیلئے سوچا جا سکتا ہے۔ |
| **Shafqat:** (To Akram) Yes quite true.<br>It is a real pleasure meeting you all. We will make a move now. Here, this is my address and phone number. Soon I'll get in touch with you again. | **شفقت:** ( اکرم صاحب سے ) سو تو ہے۔ آپ سب سے مل کر واقعی بڑی خوشی ہوئی۔ اب ہمیں چلنا چاہئے۔ یہ میرا پتہ اور فون نمبر ہے۔ جلد ہی میں آپ سے رابطہ کروں گا۔ |
| **Ahmad:** Ok thank you Allah hafiz. | **احمد:** جی اچھا، شکریہ، اللہ حافظ۔ |
| **Shafqat:** Allah hafiz. | **شفقت:** اللہ حافظ۔ |
| **Akram:** Allah hafiz. | **اکرم:** اللہ حافظ۔ |
| **Mr. and Mrs. Shafqat:** (To Mrs.Akram) Allah hafiz. | **مسٹر اینڈ مسز شفقت:** ( مسز اکرم سے )اللہ حافظ |
| **Ahmad and Mrs.Akram:** Allah hafiz. | **احمد اینڈ مسز اکرم:** اللہ حافظ۔ |
| **Shafqat:** (Come outside and talking about Ahmad and his Family) What do you think Khadija? | **شفقت:** ( باہر آتے ہیں اور احمد اور اس کی فیملی کے بارے میں بات کرتے ہیں ) تمہارا کیا کیال ہے، خدیجہ ؟ |
| **Mrs. Shafqat:** They seem to be O.K. But you must speak to Yaqoob before finalizing anything. | **مسز شفقت:** لگتے تو ٹھیک ہیں۔ لیکن آپ بات پکی کرنے سے پہلے یعقوب سے بات کیجئے گا۔ |
| **Shafqat:** Oh yes, Of Course. | **شفقت:** بالکل، وہ تو ہے۔ |

ilmgaah.com